4862- کیا حائضہ عورت کے لیے سجدہ تلاوت کرنا جائز ہے ؟

سوال

کیا حائضہ عورت کے لیے سجدہ تلاوت اور سجدہ شکر کرنا جائز ہے ، اور اگر جائز نہیں تو کیا وہ تلاوت سنتے ہوئے سجدہ کے وقت صرف زبان کے ساتھ اللہ تعالی کی تسبیح بیان کر سکتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

اول :

جن حالت میں حائضہ عورت کے لیے تلاوت کرنا مباح ہے ، ان میں اس کے لیے سجدہ کرنا بھی مشروع ہے ، جب وہ تلاوت کرتے ہوئے سجدہ تلاوت سے گزرے یا پھر سجدہ تلاوت والی آیت سنے تو سجدہ کرے گی .

اور صحیح یہ ہے کہ : حائضہ عورت زبانی قرآن مجید پڑھ سکتی ہے ، نہ کہ دیکھ کر ، تو اس بنا پر اس کے لیے سجدہ تلاوت بھی مشروع ہوا ، کیونکہ یہ نماز نہیں ، بلکہ یہ تو باقی اذکار کی طرح اللہ تعالی کی عبادت اور اس کے سامنے عاجزوانکساری ہے .

دوم :

صحیح یہ ہے کہ سجدہ تلاوت تو صرف وہی کرے گا جو تلاوت کر رہا ہے یا سن رہا ہے ، اور اس میں ان کے لیے وضوء کی شرط نہیں ؛ کیونکہ یہ نماز کے حکم میں نہیں آتے .

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .